خبروں کا اعلامیہ

18سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے بائویلنٹ (Bivalent) بوسٹر کی تقسیم کاری شروع ہوگی

14ستمبر، 2022 میڈیا انکوائریز(Media inquiries)

21ستمبر سے شروع ہو کر، کووڈ-19 (COVID-19) کے خلاف بائویلنٹ (Bivalent) بوسٹر ویکسین کے لیے اپوائنٹمنٹس بک کیے جا سکتے ہیں، جس کے ساتھ ساتھ ویکسین لگانے کا کام بھی 21 ستمبر سے شروع ہو گا۔

ایک مکمل اور آزاد طور کے سائنسی جائزے کے بعد، ہیلتھ کینیڈا نے18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے اہل البرٹنز کے لیے موڈرنا اسپائک ویکس بائویلنٹ کووڈ-19 ویکسین (Moderna Spikevax Bivalent COVID-19 vaccine)کو بوسٹر خوراک کے طور پر منظور کر لیا ۔

بائویلنٹ کووڈ-19 ویکسین (Bivalent COVID-19 vaccine) ایک مضبوط مدافعتی ردعمل کو متحرک کرتی ہے اور اومیکرون (Omicron) اور اصل سارس- سی او وی-2 (SARS-CoV-2) وائرس کی نوعیت (اسٹرین) دونوں کے خلاف اضافی تحفظ فراہم کرتی ہے۔

جن البرٹنز نے پرائمری سیریز مکمل کر لی ہے وہ بائویلنٹ ویکسین (bivalent vaccine) کے اہل ہیں۔ خوراکوں کے درمیان تجویز کردہ وقفہ آخری خوراک یا پچھلے انفیکشن سے کم از کم پانچ ماہ کا ہے۔

تین ماہ کے مختصر تر وقفے پر غور کیا جا سکتا ہے (مثلاً جن افراد کو شدید نتائج ہونےکا زیادہ خطرہ و ہے)، لیکن خوراک کے درمیان طویل تر وقفہ کووڈ-19 (COVID-19) انفیکشن کے خلاف بہتر مدافعتی ردعمل کا باعث بنتا ہے ، جس کی زیادہ دیر تک قائم رہنے کی توقع ہے۔

ویکسین کی اہلیت

21ستمبر سے البرٹا کے 18 سال کے اور اس سے زیادہ عمر کے جو رہائشی بائویلنٹ کووڈ-19 ویکسین کے اہل ہوں گے، ان میں شامل ہیں :

- ○ وہ لوگ جنہوں نے کوئی بھی بنیادی سیریز مکمل کی ہے، بشمول ایسٹرا زینیکا (AstraZeneca) ، فائزر (Pfizer) اور موڈرنا (Moderna) ویکسینس میں سے کوئی، اور جن کی آخری خوراک یا حالیہ انفیکشن کے بعد سے کم از کم پانچ ماہ کا وقفہ گزرا ہے۔
- ○ وہ افراد جنہوں نے پچھلے بوسٹرز کی کوئی بھی تعداد حاصل کی ہے اور جن کی آخری خوراک یا حالیہ انفیکشن کے بعد سے کم از کم پانچ ماہ کا وقفہ گزرا ہے۔

توقع کی جاتی ہے کہ بائویلنٹ کووڈ-19 ویکسین (bivalent COVID-19 vaccine)ستمبر کے آخر/اکتوبر کے شروع میں 12 سے 17 سال کی عمر کے البرٹنز کے لیے دستیاب ہو جائے گی ۔

اس کے علاوہ، 3 اکتوبر کے ہفتے سے شروع کر کے، بائیویلنٹ بوسٹر(bivalent booster) بزرگوں کے اجتماعی نگہداشت کی سہولت گاہوں (seniors congregate care facilities) کے رہائشیوں کو انفلوئنزا ویکسین کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔

امیونائزیشن کے لیے اپوائنٹمنٹ کی بکنگ

ویکسینس، حصہ لینے والی فارمیسیز اور کمیونٹی میڈیکل کلینکس اور کچھ منتخب شدہ اے ایچ ایس (AHS) کی جگہوں پر دستیاب ہوں گی ۔ بکنگز، البرٹا و یکسین بکنگ سسٹم (Alberta Vaccine Booking System) کے ذریعے alberta.ca/vaccine پر دستیاب ہوں گی یا 811 پر ہیلتھ لنک کو کال کرکے دستیاب ہوں گی۔ مختصر تر وقفےکے لیے، جو کہ کم از کم تین ماہ کا وقفہ ہو، آن لائن اپوائنٹمنٹ بک نہیں کی جاسکتی ہیں۔

کچھ فارمیسز واک اِنز (walk-ins)کی سہولت فراہم کر سکتی ہیں۔ اگر بکنگ سسٹم میں آپ کی مقامی فارمیسی درج نہیں ہے، تو ان سے براہ راست رابطہ کریں یا اپنے قریب کی فارمیسی تلاش کرنے کے لیے bluecross.caپر جائیں۔

وہ افراد جو فرسٹ نیشنز ریزرو (First Nations reserve) پر رہتے ہیں وہ نرسنگ سٹیشنز یا آن ریزرو ز (on-reserve)کی پبلک ہیلتھ کلینکس کے ذریعے خوراک تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

متعلقہ معلومات

- کووڈ-19 (COVID-19) ویکسینس اور ریکارڈ ز کی معلومات
- ویکسین کی بکنگ سے متعلق اے ایچ ایس (AHS) کی معلومات